© rasailojaraid.com

## ضمنی امتحان میں شرکت کے خواہشمند طلباء/ طالبات کیلئے خوشخبری

1۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا ضمنی امتحان انشاء اللہ تعالیٰ ۱۴۲۸ھ ۲۰۰۷ء ۲۷/ ۲۸/ ۲۹ ذیقعدہ ۱۴۲۸ھ بمطابق ۰۸/ ۰۹/ ۱۰ دسمبر ۲۰۰۷ء بروز ہفتہ، اتوار، سوموار ہوگا۔

روزانہ صبح شام دو پرچے ہونگے۔ درجہ عالمیہ میں ترمذی شریف کا پرچہ بروز ہفتہ اور بخاری شریف کا پرچہ بروز اتوار صبح کے وقت ہوگا۔

2۔ سالانہ امتحان ۱۴۲۸ھ میں جو طلباء/ طالبات ضمنی رہے ہیں وہ تمام طلباء/ طالبات شرکت کے اہل ہوں گے۔ یعنی جن طلباء/ طالبات نے 240 یا زائد نمبر حاصل کئے ہیں لیکن درجہ عالمیہ میں بخاری شریف یا ترمذی شریف میں فیل ہیں یا تحتانی درجات میں تین یا زائد مضامین میں فیل ہیں۔

درجہ متوسطہ میں 280 نمبر حاصل کئے ہوں لیکن تین لازمی مضامین (اردو، ریاضی اور قرآن مجید) میں فیل ہو۔

## ناکام (راسب) اور غیر حاضر طلباء/ طالبات ضمنی امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہونگے۔

3۔ ضمنی امتحان میں شرکت کیلئے زیر تعلیم ادارہ سے داخلہ فارم بھجوائے جا سکتے ہیں۔ سابقہ ادارے سے فارم بھجوانے کی پابندی ختم کر دی گئی ہے۔

4۔ ضمنی امتحان کیلئے داخلہ فارم اور داخلہ فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ ۱۰ ذیقعدہ ۱۴۲۸ھ ہے۔ اس کے بعد کوئی داخلہ قبول نہیں کیا جائے گا۔

نوٹ:۔ جو طلباء و طالبات اپنے پرچوں پر نظر ثانی کروانا چاہتے ہیں وہ اپنی درخواستیں ماہ شوال میں جمع کرا دیں تاکہ ضمنی امتحان سے پہلے ان پرچہ جات پر نظر ثانی کی جا سکے۔

© rasailojaraid.com